لائبیریا کے وفد کی ملاقات

بعد ازاں ملک لائبیریا سے آنے والے وفد نے حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز سے شرفِ ملاقات پایا۔

☆ لائبیریا سے آنے والے وفد میں ایک مہمان Hon Senator Jonathan Lambert Kaipay شامل تھے۔

موصوف نے لائبیریا میں آئندہ ہونے والے الیکشن کے حوالہ سے حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز کی خدمت میں دعا کی درخواست کی۔ جس پر حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فضل کرے کہ الیکشن ٹھیک ہوں۔

موصوف نے اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا:

جلسہ سالانہ برطانیہ کو آرگنائز کرنے اور مجھے شرکت کا موقع فراہم کرنے والوں کا مَیں بہت ہی مشکور ہوں۔ میں جلسہ کے انتظامات اور کام کرنے والوں کے اخلاص کو دیکھ کر بہت ہی متاثر ہوا ہوں۔ میں عیسائی ہونے کے ناطے خدا سے محبت کرنے کے بہت سے تجربات اور طریق کا شاہد ہوں، لیکن آپ کا خدا سے محبت کرنے اور خدا کی رضا حاصل کرنے کا طریق میرے لئے حیران کُن تھا اور اس نے مجھے بہت متاثر کیا۔ پوری دنیا کے احمدیوں کو میری طرف سے نیک خواہشات کا اظہار اور میں اُن کے لئے دعا گو ہوں۔

☆ ملاقات کے آخر پر موصوف نے حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز کے ساتھ تصویر بنوانے کی سعادت پائی۔

☆ لائبیریا کے وفد کی حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز سے یہ ملاقات ایک بج کر 33 منٹ تک جاری رہی۔